© rasailojaraid.com



واقعی وہ اسلام کے ساتھ مخلص ہیں تو انہیں اپنے پورے عمل کو تبدیل کرنا ہو گا اور یہی تبدیلی سوچ میں بھی آنی چاہیئے۔ ورنہ جماعت اسلامی یا اسلامی فرنٹ نام رکھ لینے سے اسلام کی کوئی خدمت نہیں ہے۔ بلکہ بدنامی اور رسوائی کا موجب ہے۔

## غلام حیدر وائیں مرحوم کا سیاسی قتل

ابھی تھوڑے ہی دن ہوئے ہیں کہ یہ اندوہناک خبر پہنچی تھی کہ جناب غلام حیدر وائیں کو میاں چنوں میں گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون" اس میں شک نہیں کہ یہ ایک خالص سیاسی قتل ہے۔ کیونکہ مرحوم مسلم لیگ (نواز گروپ) کے سرکردہ لیڈر تھے اور انہوں نے بہت ساری جماعتوں کو اپنا دشمن بنا رکھا تھا۔ لیکن یہ بات کسی طرح بھی زیب نہیں دیتی کہ معمولی سیاسی جھگڑوں کو اس حد تک لے جایا جائے اور انسانی جانوں کو کیڑے مکوڑوں کی طرح تلف کر دیا جائے۔ ہم اس واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر مجرموں کو گرفتار کیا جائے اور قرار واقعی سزا دی جائے۔ کیونکہ نگران حکومت کی یہی ذمہ داری ہے کہ وہ انتخابات تک ملک میں امن و امان بحال رکھیں۔ اور تمام سیاسی قائدین اور عوام الناس کے مال و جان کا تحفظ کریں۔ لیکن مقام افسوس ہے کہ نگران حکومت امن و امان کی بحالی میں بری طرح ناکام ہوئی ہے مگر دوسری اصلاحات کرنے میں بڑی دلچسپی لے رہی ہے۔

(یہ اداریہ الیکشن سے قبل لکھا گیا۔)

© rasailojaraid.com